کل نمبر: 10   **اُردو (ہفتم)**   **وقت: 10 منٹ**

پانچواں مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس: ماہانہ ٹیسٹ**

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5)

1۔ کرپشن لفظ ہے:

(الف)	انگریزی زبان کا	(ب)	عربی زبان کا	(ج)	جرمن زبان کا	(د)	ہسپانوی زبان کا

2۔ بدعنوانی سے عموماً ہمارے ہاں مراد لیا جاتا ہے:

(الف)	مرگی	(ب)	بددیانتی	(ج)	بدکرداری	(د)	بددلی

3۔ بدعنوانی کے خاتمے کا آغاز کر سکتے ہیں ہم:

(الف)	اپنے سکول سے	(ب)	اپنے جذبے سے	(ج)	اپنے گھر سے	(د)	اپنے محلے سے

4۔ دنیا کے خوب صورت ترین مقامات میں شامل ہے:

(الف)	کشمیر	(ب)	سوات	(ج)	ہنزہ	(د)	کاغان

5۔ کشمیری حق خود ارادیت مانگ رہے ہیں:

(الف)	پون صدی سے زائد عرصے سے	(ب)	نصف صدی سے
(ج)	ایک صدی سے	(د)	پون صدی سے

6۔ یوم یک جہتی کشمیر منایا جاتا ہے:

(الف)	دس فروری کو	(ب)	پانچ فروری کو	(ج)	آٹھ فروری کو	(د)	سات فروری کو

7۔ دولت سے اور علم سے ہر ایک:

(الف)	خوش حال ہے	(ب)	آباد ہے	(ج)	شاد ہے	(د)	برباد ہے

8۔ اب تو نکالو اپنے دلوں سے:

(الف)	ناتمام	(ب)	گم نام	(ج)	الزام	(د)	خیال خام

9۔ کوئی یہ نہ کہے کہ سراسر:

(الف)	قصور ہے	(ب)	حضور ہے	(ج)	ضرور ہے	(د)	مجبور ہے

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 12،11،10 اور 13 کے جوابات دیں۔

یاد رہے کہ یوم یک جہتی کشمیر منانے کے سلسلے کا آغاز ۱۹۳۲ء میں ہوا تھا۔ ۱۹۳۱ء میں کشمیر کے مہاراجا ہری سنگھ نے متعدد واقعات میں کشمیریوں پر مظالم کی انتہا کر دی تھی۔ ان واقعات میں مہاراجا کی فوج کی جانب سے بہت سے کشمیریوں کو شہید کر دیا گیا تھا۔ انھیں شہدا کی یاد میں تب سے اب تک ہر سال دنیا بھر میں موجود کشمیری، پاکستانی اور انسانی ہمدردی کا جذبہ رکھنے والے تمام لوگ

کشمیریوں سے اظہار یک جہتی کے لیے یہ دن مناتے ہیں۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(الف)	محسن پاکستان	(ب)	کشمیر کی وادی میں لہرا کے رہو پرچم	(ج)	کم سن شہید	(د)	مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا

11۔ یوم یک جہتی کشمیر منانے کے سلسلے کا آغاز ہوا:

(الف)	۱۹۳۵ء میں	(ب)	۱۹۳۴ء میں	(ج)	۱۹۳۲ء میں	(د)	۱۹۳۳ء میں

12۔ ۱۹۳۱ء میں کشمیر کا مہاراجا تھا:

(الف)	دلیر سنگھ	(ب)	تلوک چند	(ج)	رنجیت سنگھ	(د)	ہری سنگھ

13۔ ہری سنگھ نے کشمیریوں پر ظلم کی انتہا کر دی: لفظ انتہا کا متضاد ہے:

(الف)	ابتدا	(ب)	آخر	(ج)	اختتام	(د)	تمت

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''صبح کی سیر'' کے عنوان پر مضمون تحریر کریں۔

سوال نمبر2: ''جیسا کرو گے ویسا بھرو گے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: امتحان میں کامیابی کی اطلاع دینے کے لیے والد صاحب کے نام خط لکھیں۔

سوال نمبر2: شادی میں شرکت کرنے کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست تحریر کریں۔